سوال

(11)مقام مسح اوراس کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقام مسح اوراس کا طریقہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

موزوں یا جرابوں کے اوپر والے حصے پر مسح کرنا چاہیے اگر پگڑی باندھی ہوئی ہو تو اس کے اوپر والے مکمل حصے پر مسح کیا جائے۔ کسی عضو یا زخم پر تختیاں یا پٹیاں بندھی ہوں تو اس عضو کے اوپر نیچے مکمل طور پر مسح کرنا چاہیے۔

موزوں پر مسح کا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھوں کی انگلیاں پانی سے تر کر کے انھیں پاؤں کی انگلیوں پر رکھا جائے پھر انھیں پاؤں کے اوپر والے حصے پر پنڈلی تک پھیرا جائے۔ دائیں پاؤں ہاتھ سے اور بائیں پاؤں پر بائیں ہاتھ سے مسح کیا جائے مسح کرتے وقت ہاتھوں کی انگلیاں کھلی ہوں۔ مسح ایک ہی بار کیا جائے دو تین بار کرنے کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں علم نافع اور عمل صالح کی توفیق دے۔ آمین۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں فقہی احکام ومسائل

جلد01: صفحہ55